تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 03, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بی۔ایڈ (فاصلاتی وضع) ایم۔ٹیک (ای ایچ آر ایم) اور یوگا مطالعات پروگراموں کے انٹرنس امتحان منعقد کرائے۔

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور جامعہ کے مسجل نے امتحان مراکز پر جاکر وہاں کا انتظامات کا جائزہ لیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج بی۔ایڈ (فاصلاتی وضع) ایم۔ٹیک (انوائرنمنٹ ہیلتھ اینڈ رسک مینجمنٹ) اور یوگا مطالعات پروگراموں کے لیے انٹرنس امتحان منعقد کیے۔امتحان مراکز پر انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور جامعہ کے قائم مقام مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول اور سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا۔ پروفیسر (ڈاکٹر) سروج کمار مہانندا قائم مقام کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر احتشام الحق ،اعزازی کنٹرولر امتحانات، پروفیسر شاہد خان، چیف پراکٹر اور یونیورسٹی کے دیگر عہدیداران بھی جائزے کے دوران ان کے ہمراہ تھے۔

شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انٹرنس ٹسٹ میں شریک ہونے والے امیدواروں سے بات چیت کی اور ان کی باتیں سن کر انھیں اطمینان بخش جواب دیے۔انٹرنس کے کامیاب انعقاد میں کنٹرول امتحانات کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا اور اہل کاروں کو ہدایت دی گئی کہ امیداروں کے مسائل اور ان کی تشویشات کو دور کیا جائے۔

بی۔ایڈ (فاصلاتی وضع) کے لیے کل ایک ہزار بارہ سو گیارہ درخواستیں موصول ہوئیں تھیں جن میں سے آج انٹرنس امتحان میں ایک ہزار چھیالیس امیدواروں نے شرکت کی۔جب کہ ایم۔ٹیک (ای ایچ آر ایم) پروگرام میں چون درخواست دہندگان میں سے چھیالیس امیدواروں نے انٹرنس ٹسٹ میں شرکت کی۔علاوہ ازیں یوگا مطالعات سرٹیفکٹ میں چھتیس درخواست دہندگان میں سے انتیس امیدوار آج انٹرنس امتحان میں شریک ہوئے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی